

## فرمانِ الٰہی



اے نبیؐ، ان سے کہو کہ ''میں اپنی ذات کے لیے کسی نفع اور نقصان کا اختیار نہیں رکھتا، اللہ ہی جو کچھ چاہتا ہے وہ ہوتا ہے۔ اور اگر مجھے غیب کا علم ہوتا تو میں بہت سے فائدے اپنے لیے حاصل کر لیتا اور مجھے کبھی کوئی نقصان نہ پہنچتا۔ میں تو محض ایک خبردار کرنے والا اور خوش خبری سنانے والا ہوں ان لوگوں کے لیے جو میری بات مانیں۔''

(سورۃ الاعراف آیت:188)


## فرمان رسولؐ



نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ایک آدمی لوگوں کو قرضہ دیا کرتا تھا۔ پھر وہ اپنے کارندے کو جسے وہ قرضہ کی وصولی کے لیے بھیجتا، یہ ہدایت دیتا کہ اگر تو کسی تنگ دست قرض دار کے پاس پہنچے تو اسے معاف کر دینا، شاید کہ اللہ تعالیٰ ہمارے ساتھ درگزر کا معاملہ کرے۔ آپؐ نے فرمایا، یہ شخص جب اللہ تعالیٰ سے ملا تو اللہ تعالیٰ نے اس کے ساتھ درگزر کا معاملہ کیا۔

(بخاری، مسلم)


## قائداعظمؒ نے فرمایا



سرکاری ملازم محض مملکت کے خادم کی حیثیت رکھتے ہیں۔ آپ اپنے ملک کی فلاح و بہبود اور ترقی کے لیے غور و فکر کریں اور طریقے اور تدابیر سوچیں۔ ہم میں سے بڑے سے بڑا اور چھوٹے سے چھوٹا ہر کوئی مملکت پاکستان کا ملازم اور خادم ہے۔

(افسران حکومت سے خطاب، سبی 14 فروری 1948ء)

## فرمودۂ اقبالؒ



عقابی روح جب بیدار ہوتی ہے جوانوں میں
نظر آتی ہے اُن کو اپنی منزل آسمانوں میں
نہ ہو نومید، نومیدی، زوالِ علم و عرفاں ہے
اُمید مردِ مومن ہے خدا کے رازدانوں میں

بالِ جبریل

*نقطۂ نظر*

# سچی خوشی

آج کے ہنگامہ خیز دور میں ہر شخص مادّی ترقی کی خواہش میں بے چین ہے۔ راتوں رات دولت اکٹھی کرنے اور دُنیاوی آسائشیں خریدنے کی دُھن میں ہم سب بے حس ہو چکے ہیں۔ اخلاقی اور روحانی قدروں کو بھُلا کر اعلیٰ معیارِ زندگی کے حصول کی ایک نہ ختم ہونے والی دوڑ میں شریک ہیں۔

جھوٹی اور عارضی خوشیوں کو پا کر ہم بظاہر بے حد مسرور ہیں لیکن اگر دیانت داری سے غور کیا جائے تو یہ محسوس ہو گا کہ ہمارے باطن سچی خوشی سے خالی ہیں۔ دراصل سچی خوشی ہی روحانی خوشی ہوتی ہے۔ یہ سچی خوشی ایک ایسی خوشی ہے جو بھوک اور افلاس کی حالت میں بھی ہمارے قلوب کو گوناں اطمینان اور سکون عطا کرتی ہے اور انسان کو دُنیاوی دولت ہیچ نظر آنے لگتی ہے۔ نمود و نمائش، دورِ جدید کی نِت نئی آسائشیں بے معنی ہو جاتی ہیں۔

آخر یہ سچی خوشی ہے کیا؟ اسے کیسے حاصل کیا جائے؟

دوستو! سچی خوشی پوشیدہ ہے دیانت داری میں، بے غرض محبت، بے لوث خلوص میں، ایثار اور ہمدردی میں، معاف کر دینے میں، درگزر کرنے میں، اپنے فرائض منصبی دیانت داری سے ادا کرنے میں، دوسروں کے حقوق کا خیال رکھنے میں اور یقیناً خدمتِ خلق میں۔

یہی وہ بنیادی اسلامی تعلیمات ہیں جن کا درس خدا اور اُس کے رسول نے ہمیں دیا۔ ان تعلیمات پر عمل کیجیے۔ یقین رکھیے! آپ کو پُرسکون نیند کے لیے دواؤں پر کبھی انحصار نہیں کرنا پڑے گا اور پھر یوں بھی آپ کا تو پیشہ بھی ایسا عظیم ہے جو آپ کی روحانی تسکین اور سچی خوشی کا باعث بنتا ہے۔

کیا آپ کو اُس وقت سچی خوشی نہیں ملتی......

جب کسی بیوہ کو اسٹیٹ لائف کی طرف سے خطیر رقم کا چیک دے رہے ہوتے ہیں۔

جب کسی یتیم کے سر پر ہاتھ رکھتے ہیں۔

جب کسی بے سہارا خاندان کو مستقبل کے معاشی مسائل سے نجات دلاتے ہیں۔

دوستو! مادّی ترقی کی خواہش کو اپنے دل سے مٹا دیجیے۔ دُنیاوی آسائشوں کے حصول کی کوششوں میں اپنی عاقبت نہ خراب کیجیے۔ عارضی خوشی کی خاطر خود کو روحانی اور دائمی خوشی سے محروم نہ کیجیے۔ اسٹیٹ لائف کے مشن میں اس کا ساتھ دیجیے۔

اپنے حصے کا رزق کمائیے اور سچی خوشی پائیے۔

ایڈیٹر
happylife2175@yahoo.com


مدیر: مظفر احمد
(اسسٹنٹ جنرل منیجر)

نائب مدیر: محمد اعظم شاکر

مشاورت: ایم عارف الیاس
ڈاکٹر بشیر احمد صدیقی

میڈیا کوآرڈینیٹر ناردرن ریجن: راجہ احسان الحق

نمائندہ سینٹرل ریجن: عبدالحفیظ انجم

ترسیل: ناصر جاوید

رابطہ:
ایڈیٹر تحفظ، کارپوریٹ کمیونیکیشنز ڈپارٹمنٹ،
پرنسپل آفس، اسٹیٹ لائف بلڈنگ نمبر 9،
ڈاکٹر ضیاء الدین احمد روڈ، پوسٹ بکس نمبر 5725،
کراچی 75530
ٹیلی فون نمبر: (021)99202819

تحفظ کا شمارہ اسٹیٹ لائف کی ویب سائٹ
www.statelife.com.pk
پر بھی ملاحظہ کیا جاسکتا ہے۔

لے آؤٹ ڈیزائن:
آرگس ایڈورٹائزنگ
(پرائیویٹ) لمیٹڈ

# میرٹ کی بنیاد پر بھرتیوں کا سلسلہ جاری رہے گا، شاہد عزیز صدیقی

## ایریا منیجرز کی ترقی کا اعلان ایک تاریخی کارنامہ ہے، زیڈ یو انصاری

### ترقی پانے والے نئے جنرل منیجرز کے اعزاز میں فیلڈ ورکرز فیڈریشن کی تقریب کا احوال



جناب زیڈ یو انصاری ڈویژنل ہیڈ جناب شوکت حسین کاظمی کو گلدستہ پیش کر رہے ہیں



چیئرمین اسٹیٹ لائف جناب شاہد عزیز صدیقی



پرنسپل آفس میں جنرل منیجرز کے عہدوں پر ترقی پانے والوں کو فیلڈ ورکر فیڈریشن کی جانب سے اعزازیہ دیا گیا جس میں محترمہ غزالہ نفیس، جناب اکبر علی حسین اور جناب ندیم بیسی کو چیئرمین جناب شاہد عزیز صدیقی پھولوں کا تحفہ پیش کر رہے ہیں اس موقع پر فیلڈ ورکرز فیڈریشن کے صدر جناب زیڈ یو انصاری بھی موجود ہیں



صدر فیلڈ ورکرز فیڈریشن جناب زیڈ یو انصاری



حاضرین کی ایک جھلک



اسٹیج سیکریٹری جناب جمال ہاشمی

پرنسپل آفس میں گزشتہ دنوں اسٹیٹ لائف فیلڈ ورکرز فیڈریشن، فیلڈ ورکرز ایسوسی ایشن کراچی سدرن، سینٹرل اور ایسٹرن زون کے زیراہتمام حال ہی میں جنرل منیجرز کے عہدوں پر ترقی پانے والے افسران، ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب ایس ایچ کاظمی، ڈویژنل ہیڈ جی اینڈ پی جناب ندیم بیسی، چیف میڈیکل ایڈوائزر محترمہ ڈاکٹر غزالہ نفیس اور سیکریٹری بورڈ جناب اکبر علی حسین کے اعزاز میں خصوصی تقریب منعقد کی گئی اور انہیں ترقی پانے پر ہدیہ تبریک پیش کیا گیا۔ تقریب کے مہمان خصوصی جناب شاہد عزیز صدیقی تھے جبکہ ایگزیکٹیو ڈائریکٹرز سید ارشد علی، جناب شعیب میر میمن کے علاوہ ڈویژنل ہیڈز، اعلیٰ افسران، فیلڈ ورکرز فیڈریشن کے عہدیداران، ایریا منیجرز ایسوسی ایشن، ایمپلائز یونین اور آفیسرز ایسوسی ایشن کے عہدیداران نے بھی شرکت کی۔

اس موقع پر فیلڈ ورکرز فیڈریشن کے صدر جناب زیڈ۔ یو انصاری نے حاضرین سے خطاب کرتے ہوئے ترقی پانے والے افسران کو مبارک باد دی اور نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ان افسران نے اسٹیٹ لائف کی ترقی واستحکام میں اہم کردار ادا کیا ہے جسے سراہا جانا بہت ضروری ہے۔ انہوں نے چیئرمین جناب شاہد عزیز صدیقی کی آمد کا شکریہ ادا کرتے ہوئے ان کی کارپوریشن کی ترقی کے لیے عموماً اور افسران اسٹاف اور فیلڈ کی پروموشن پالیسی پر اطمینان کا اظہار کیا اور فیلڈ ورکرز فیڈریشن کی جانب سے مکمل تعاون کا یقین دلایا۔ انہوں نے ترقیوں کے سلسلے میں ایگزیکٹیو ڈائریکٹر سید ارشد علی کی کوششوں کو سراہا اور کہا کہ ایک سو سے زائد ایریا منیجرز کی ترقی کا اعلان بلاشبہ ایک تاریخی کارنامہ ہے، انہوں نے جناب ایس ایچ کاظمی کے ساتھ اپنی دیرینہ رفاقت کا ذکر کیا اور کہا کہ میرے ساتھ ان کی ذہنی ہم آہنگی قدر مشترک ہے۔ انہوں نے کہا آج ان کی اچانک علالت کے باعث تقریب میں شرکت نہ کرنے پر دکھ ہے۔ انہوں نے ان کی صحت وتندرستی کے لیے دعا کی اور اعلیٰ کارکردگی کی بنیاد پر ترقی پانے والوں کو خصوصاً مبارک باد دی۔

چیئرمین جناب شاہد عزیز صدیقی نے اپنے خطاب میں جنرل منیجرز کے عہدوں پر ترقی پانے والے افسران کو مبارک باد پیش کی اور کہا کہ میرٹ کی بنیاد پر ترقیوں کا یہ سلسلہ جاری رہے گا۔ انہوں نے کہا کہ میں نے اس ضمن میں ذاتی پسند ناپسند کو کبھی حائل نہیں ہونے دیا۔ صرف ادارے کے لیے بہترین صلاحیتوں کا استعمال اور پیشہ ورانہ خدمات انجام دیں۔ ہماری پروموشن پالیسی کا معیار اول رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس وقت سیلاب کے باعث ہمارا ملک کڑے حالات سے گزر رہا ہے اور بیمہ زندگی کا کاروبار بھی متاثر ہورہا ہے تاہم انہوں نے کہا کہ پریمیئم ٹارگٹ حاصل کرنے کی کوشش جاری رہے گی اور دیہی علاقوں میں مشکل حالات کے باعث شہری علاقوں کی مارکیٹنگ فورس کو زیادہ متحرک ہونا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ رینیول پر سسٹینسی کی شرح کے استحکام اور بلندی کے لیے جدوجہد کرنے میں کوئی کسر نہ چھوڑی جائے۔ انہوں نے کہا کہ الفا انشورنس بھی اسٹیٹ لائف کا ذیلی ادارہ ہے جہاں اسٹیٹ لائف کے ریٹائرڈ افسران اہم ذمہ داریاں ادا کررہے ہیں انہوں نے مارکیٹنگ فورس کو تاکید کی کہ وہ لائف انشورنس کے ساتھ ساتھ جنرل انشورنس کے لیے الفا انشورنس کی خدمات سے فائدہ اٹھاسکتے ہیں۔ چیئرمین جناب شاہد عزیز صدیقی نے کہا کہ افسران کے بچوں کی ملازمت کے لیے اضافی کوٹہ بورڈ نے منظور کردیا ہے یہ سب اقدامات آپ ہی کی فلاح و بہبود کے لیے اٹھائے جارہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ افسران اسٹاف اور فیلڈ ورکرز کے مسائل کے حل کے لیے ہمارے دروازے ہمیشہ کھلے رہیں گے۔

بعد ازاں ترقی پانے والے افسران کو جناب چیئرمین نے گلدستے پیش کیے اور خیر سگالی کے جذبات کا اظہار کیا۔ تقریب کی نظامت کے فرائض جنرل سیکریٹری فیلڈ ورکرز ایسوسی ایشن کراچی ساؤتھ جناب جمال ہاشمی نے ادا کیے اور تقریب کا اختتام مہمانوں کے اعزاز میں پرتکلف عصرانے سے ہوا۔

رپورٹ......محمد اعظم شاکر
سی سی ڈی پرنسپل آفس

# فیصل آباد زون کا ریکارڈ پریمیئم حاصل کرنے کا عزم

## عمدہ کارکردگی پر تقسیم انعامات کی تقریب، ایگزیکٹیوڈائریکٹر مارکیٹنگ سید ارشد علی کی خصوصی شرکت



اسٹیج کا منظر



ایگزیکٹیوڈائریکٹر مارکیٹنگ سید ارشد علی شیلڈ (ماہ اپریل کی صبح وشام آر این شکرانی کے نام) سیلز منیجر سعید اللہ خان کو پیش کر رہے ہیں



ایگزیکٹیوڈائریکٹر سید ارشد علی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

زونل سربراہ جناب محمد رمضان شاہد کی جانب سے اعلان کردہ انعامی مقابلہ جات کی تقریب مقامی ہوٹل، فیصل آباد میں منعقد کی گئی جس میں تقریباً سات سو افراد نے شرکت کی جنہیں مختلف انعامی مقابلہ جات پر گولڈ میڈلز اور اعلیٰ کارکردگی کی بنیاد پر شیلڈز تقسیم کی گئیں اس کے علاوہ انعامی مقابلہ برائے قرعہ اندازی پانچ، پانچ ہزار روپے کے پانچ انعامات برائے سیلز نمائندہ، سیلز آفیسر اور سیلز منیجرز کو ایگزیکٹیوڈائریکٹر مارکیٹنگ سید ارشد علی نے پیش کیے۔ اس شاندار تقریب میں ریجنل چیف سینٹرل چوہدری مدد علی انجم اور سابق زونل سربراہ جناب آر این شکرانی نے خصوصی طور پر شرکت کی اس موقع پر تمام سیکٹر ہیڈز فیصل آباد زون بھی موجود تھے۔

بعد ازاں ایگزیکٹیوڈائریکٹر مارکیٹنگ سید ارشد علی اور ریجنل چیف سینٹرل چوہدری مدد علی انجم اور جناب آر این شکرانی نے خصوصی خطاب کیا۔ زونل سربراہ جناب محمد رمضان شاہد نے عزم کیا کہ فیصل آباد زون انشاء اللہ نہ صرف سال اول پریمیئم 2010ء میں ٹاپ کرے گا بلکہ سال اول پریمیئم ایک ارب روپے سے تجاوز کر لے گا۔



ایگزیکٹیوڈائریکٹر مارکیٹنگ سید ارشد علی، آفیسرز ایسوسی ایشن فیصل آباد کی جانب سے یادگار شیلڈ سابقہ زونل سربراہ جناب آر این شکرانی کو پیش کر رہے ہیں

رپورٹ......معظم علی معظم
اسسٹنٹ جنرل منیجر،
فیصل آباد زون

## بقیہ ٹائٹل اسٹوری

کارپوریشن کی انتظامیہ دورِ جدید کے تقاضوں کے مطابق اپنے معزز بیمہ داروں کو بہترین خدمات کی فراہمی کے عہد کا اعادہ کرتی ہے۔ کلیمز کی ادائیگی میں تاخیر محض متعلقہ ضروری دستاویزات کی عدم فراہمی کے باعث ہوتی ہے کیونکہ کلیمز کی ادائیگی کے لیے بیمہ دار یا اُن کے نامزد ورثاء کی تصدیق قانون کا تقاضا ہے جسے پورا کرنا از بس ضروری ہے۔ تاہم بڑے سے بڑے زرِبیمہ کے کلیمز کی ادائیگی مقررہ دورانیہ میں کرنے کی ہر ممکن سعی کی جاتی ہے۔

زیر نظر تصاویر بھی اسی سلسلے کی کڑی ہیں جس میں انتظامیہ کے متعلقہ شعبوں نے متعلقہ خاندانوں کو کلیمز کی ادائیگی فوری طور پر کردی اور جو بلاشبہ بعد از فروخت خدمت کی بہترین مثال ہے۔

(تحفظ رپورٹ)



ایگزیکٹیو ڈائریکٹر مارکیٹنگ سید ارشد علی ملتان ریجن کے زونل سربراہان اور سیکٹر ہیڈز سے خطاب کر رہے ہیں




ملتان ریجن میں منعقدہ ٹاپ سیلز منیجرز کنوینشن کی تقریب میں اسٹیج کا منظر



ملتان زون میں لکی ڈرا میلہ کی تقریب سے ریجنل چیف ملتان جناب طاہر احمد خان زونل ہیڈ چوہدری اختر حسین، سیکریٹری جنرل فیلڈ ورکرز فیڈریشن جناب محمد اصغر، جنرل سیکریٹری ملتان زون مرزا ناصر بیگ اور دیگر خطاب کر رہے ہیں

# ملتان ریجن کے زونل ہیڈز اور سیکٹر ہیڈز کی کارکردگی تسلی بخش ہے، سید ارشد علی

## ملتان ریجن کے ٹاپ سیلز منیجرز کی کامیابی ان کی انتھک محنت کی دلیل ہے، ایس ایچ کاظمی

### ملتان ریجن کی مختلف تقریبات سے ایگزیکٹیو ڈائریکٹر مارکیٹنگ اور ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ کا خطاب



ٹاپ سیلز منیجرز کنونیشن کے شرکاء



ملتان ریجن کے سیکٹر ہیڈز محو سماعت ہیں

گزشتہ دنوں ایگزیکٹیو ڈائریکٹر مارکیٹنگ سید ارشد علی نے ملتان ریجن کے زونل سربراہان اور سیکٹر ہیڈز سے خطاب میں کہا کہ ملتان ریجن کے زونل ہیڈز نے اچھی حکمت عملی سے اپنی فیلڈ فورس سے ایک مضبوط و مربوط تعلق کے ذریعے ان کے مورال کو جس طرح بلند کر رکھا ہے اور اچھا بزنس کیا ہے وہ قابل تعریف ہے تاہم اس سلسلے کو جاری و ساری رہنا چاہیے اور اس ضمن میں کاروبار کو مزید بڑھائیں تاکہ ملتان ریجن اپنی امتیازی حیثیت برقرار رکھ سکے۔ کاروبار میں اضافہ ہوگا تو خوش حالی آئے گی اور دیگر کارکنان کو موٹی ویشن ملے گی۔

بعد ازاں انہوں نے مارکیٹنگ ایگزیکٹیوز کو اچھی کارکردگی پر مبارک باد پیش کی اور اگلے ٹارگٹ کے لیے پلان ترتیب دیا گیا۔ تمام زونل ہیڈ صاحبان اور سیکٹر ہیڈز نے سابقہ کارکردگی کو مدنظر رکھتے ہوئے مستقبل میں بھی اس کارکردگی کو برقرارر کھنے کا عزم کیا۔

دریں اثناء ملتان ریجن کے سیلز منیجرز کی، جنہوں نے ریجن بھر میں نمایاں پوزیشن حاصل کی، مزید حوصلہ افزائی کے لیے ان کا ایک کنونیشن منعقد کیا گیا ان سے خطاب کرتے ہوئے ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب شوکت حسین کاظمی نے کہا کہ جس طرح ملتان ریجن کے سیلز منیجرز نے جس بہتر منصوبہ بندی عزم اور ارادے کے ساتھ ملتان ریجن میں ٹاپ پوزیشن حاصل کی وہ قابل تحسین ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگر آپ پلان کو ترتیب دے کر کام کی شروعات کرتے ہیں تو اس کے نتائج بھی اسی طرح پوزیشن کی صورت میں آتے ہیں انہوں نے زور دے کر کہا کہ اپنی تمام فیلڈ فورس کو ساتھ لے کر چلیں اور اسی طرح اپنی پوزیشن کو برقرارر کھیں

اور آخر میں انہوں نے ریجنل چیف اور تمام زونل ہیڈ صاحبان کی کارکردگی پر بھی اطمینان کا اظہار کیا۔

گزشتہ دنوں ملتان زون میں ایک لکی ڈرا میلہ بھی منعقد کیا گیا۔ ریجنل چیف طاہر احمد خان کی سربراہی میں خوش نصیبوں کو انعامات دیئے گئے۔ ریجنل چیف طاہر احمد خان، زونل سربراہ چوہدری اختر حسین، سیکریٹری جنرل فیلڈ ورکرز فیڈریشن جناب محمد اصغر، جنرل سیکریٹری ملتان زون مرزا ناصر بیگ اور ایڈیشنل سیکریٹری مرزا فیاض بیگ اور دیگر نے خطاب کیا جبکہ اسٹیج پر سیکٹر ہیڈ حسنین منظور اور اعزاز الحسن بھی اس موقع پر موجود تھے۔



رپورٹ......محمد منشا راہی

پی آر او ملتان

# جی اینڈ پی ڈویژن کا پالیسی ہولڈرز کے اعزاز میں خصوصی عشائیہ

## ایگزیکٹیوڈائریکٹرسیدارشدعلی نے شرکاءعشائیہ کواسٹیٹ لائف کے مالی استحکام اورگروپ انشورنس کے تمام پلانز کے بارے میں بریفنگ دی



ڈویژنل ہیڈگروپ اینڈ پینشن جناب ندیم بیسی



ایگزیکٹیوڈائریکٹرمارکیٹنگ سیدارشدعلی کا اظہارخیال

اسٹیٹ لائف گروپ اینڈ پنشنز لاہور زون کی جانب سے معزز پالیسی ہولڈرز کے اعزاز میں سرینا ہوٹل فیصل آباد میں ایک باوقار عشائیہ کا اہتمام کیا گیا۔اس عشائیے میں معزز بیمہ داروں کے علاوہ معززین شہر نے بھرپورشرکت کی اس موقع پر ایگزیکٹیوڈائریکٹر مارکیٹنگ سیدارشدعلی، ڈویژنل ہیڈ گروپ اینڈ پینشنز جناب ندیم بیسی، ڈویژنل ہیڈا یکچوریل جناب فیصل ممتاز، زونل ہیڈ گروپ اینڈ پینشن لاہور زون جناب محمد شعیب خان نے معزز مہمانان گرامی کا استقبال کیا۔اس موقع پر ایگزیکٹیوڈائریکٹرسیدارشدعلی نے شرکاءعشائیہ کواسٹیٹ لائف کے مالی استحکام اورگروپ انشورنس کے تمام پلانز کے بارے میں بریفنگ دی۔تمام پالیسی ہولڈرز نے اسٹیٹ لائف کی بہترین سروس کے بارے میں مکمل اطمینان کا اظہار کیا اورگروپ انشورنس کے دیگر پلانز میں بھی گہری دلچسپی کا اظہار کیا۔علاوہ ازیں اکثر پالیسی ہولڈرز نے اسٹیٹ لائف کوگروپ ہیلتھ انشورنس اسکیم کے اجراء کے لیے ایگزیکٹیوڈائریکٹر مارکیٹنگ سیدارشدعلی سے استدعا کی۔

(تحفظ رپورٹ)



عشائیہ کے شرکا

## Merit List of Zones
## % Increase in FYP
Upto September 2010

| Sr No. | Zones | +-% FYP | Sr No. | Zones | +-% FYP |
|---|---|---|---|---|---|
| 1. | Sukkur | 60.04 | 14. | Islamabad | 27.98 |
| 2. | Hyderabad | 48.05 | 15. | Sialkot | 24.00 |
| 3. | Rawalpindi | 41.68 | 16. | Karachi (E) | 23.95 |
| 4. | R.Y. Khan | 39.49 | 17. | Abbottabad | 23.84 |
| 5. | Multan | 37.35 | 18. | Peshawar | 23.60 |
| 6. | Faisalabad | 35.29 | 19. | Sahiwal | 20.67 |
| 7. | Mirpur (AK) | 34.49 | 20. | Gujranwala | 19.97 |
| 8. | Larkana | 34.10 | 21. | Bahawalpur | 19.09 |
| 9. | Lahore (W) | 31.78 | 22. | Mirpurkhas | 15.30 |
| 10. | Sargodha | 29.57 | 23. | D. G. Khan | 14.56 |
| 11. | Quetta | 28.82 | 24. | Karachi (S) | 12.32 |
| 12. | Gujrat | 28.72 | 25. | Karachi (C) | 11.35 |
| 13. | Lahore (C) | 28.70 | | | |

## Merit List of Zones
## on Target Achievement
Upto September 2010

| Sr No. | Zones | Target Achvd. | Sr No. | Zones | Target Achvd. |
|---|---|---|---|---|---|
| 1. | Sukkur | 103.25 | 14. | Islamabad | 86.47 |
| 2. | Hyderabad | 98.70 | 15. | Gujranwala | 85.69 |
| 3. | R.Y. Khan | 97.54 | 16. | Sahiwal | 84.39 |
| 4. | Faisalabad | 96.63 | 17. | Abbottabad | 83.67 |
| 5. | Multan | 96.05 | 18. | Peshawar | 83.51 |
| 6. | Rawalpindi | 95.73 | 19. | Bahawalpur | 83.28 |
| 7. | Lahore (W) | 94.13 | 20. | Quetta | 83.11 |
| 8. | Sargodha | 92.55 | 21. | D.G. Khan | 80.11 |
| 9. | Lahore (C) | 91.93 | 22. | Karachi (E) | 79.97 |
| 10. | Mirpur (AK) | 90.87 | 23. | Karachi (S) | 77.46 |
| 11. | Sialkot | 88.57 | 24. | Mirpurkhas | 74.39 |
| 12. | Gujrat | 86.97 | 25. | Karachi (C) | 71.84 |
| 13. | Larkana | 86.52 | | | |



ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب شوکت حسین کاظمی، ریجنل چیف سید حسن رضا اور زونل ہیڈ جناب محمد خالد شیخ اسٹیٹ لائف کی جانب سے مرحوم خادم حسین کی بیمہ پالیسی کا ڈیتھ کلیم چیک مبلغ -/2,429,720 روپے مرحوم کے والد مرزا یوسف حسین کے حوالے کر رہے ہیں

# نفسانفسی اور افراتفری کے اس دور میں اسٹیٹ لائف کا وجود نعمت الٰہی ہے

## خادم حسین شہید کے والد مولانا مرزا یوسف حسین کے تاثرات

چیئرمین مسلم متحدہ محاذ پاکستان و امام جمعہ نور امام مسجد کراچی مولانا مرزا یوسف حسین نے کہا ہے کہ پاکستان جیسے ملک اور کراچی جیسے شہر میں جہاں افراتفری اور نفسانفسی کا دور دورہ ہے وہاں اسٹیٹ لائف جیسے فرض شناس ادارے کا وجود ایک نعمت الٰہی ہے۔ وہ گزشتہ دنوں کراچی سدرن زون کی جانب سے مرحوم بیٹے کے ڈیتھ کلیم کی ادائیگی کے موقع پر ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب ایس ایچ کاظمی، ریجنل چیف سید حسن رضا اور زونل ہیڈ جناب محمد خالد شیخ سے گفتگو کر رہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ اسٹیٹ لائف کے افسران نے انسانی ہمدردی اور فرض شناسی کی اعلیٰ، قابل تقلید مثال قائم کرتے ہوئے شہید خادم حسین کی شہادت کے ایک ہفتہ کی قلیل مدت میں تمام دفتری کارروائیوں کو مکمل کر کے 24 لاکھ 29 ہزار 720 روپے کے ڈیتھ کلیم چیک کے ذریعے خانوادہ شہید تک ان کا حق پہنچایا۔

مولانا مرزا یوسف حسین نے مزید کہا کہ میں محترم جناب ایس ایچ کاظمی، سید حسن رضا اور جناب محمد خالد شیخ کا شکر گزار ہوں جنہوں نے میرے گھر پر آ کر خانوادۂ شہید سے تعزیت کی اور دلاسہ دیا اور شہید کی بیوہ اور یتیموں کے لیے شہید کی بیمہ پالیسی کی رقم کا چیک پیش کیا۔ انہوں نے اسٹیٹ لائف کی مزید کامیابی، ان فرض شناس افسران کی عزت و ترقی اور توفیقات خیر میں اضافہ کے لیے دعا کی۔

انشاءاللہ

# سال رواں کا ہدف حاصل کرلیا جائے گا

اسٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن نے اگست 2010ء کے اختتام پر نئے کاروبار کی مد میں 4 ارب 74 کروڑ 18 لاکھ روپے سے زائد کا نیا پریمیئم حاصل کر کے 3 لاکھ 35 ہزار 638 خاندانوں کو بیمہ زندگی کا تحفظ فراہم کیا ہے جبکہ 2009ء کی اسی مدت کے دوران 3 ارب 62 کروڑ 25 لاکھ روپے سے زائد پریمیئم سال اول حاصل کر کے 2 لاکھ 79 ہزار 82 خاندانوں کو بیمہ زندگی کا معاشی تحفظ فراہم کیا گیا تھا۔ اس طرح نئے کاروبار کی مد میں 30.89 فیصد اضافہ ہوا ہے۔

تجدیدی پریمیئم کی مد میں اگست 2010ء تک 9 ارب 53 کروڑ سے زائد رقم حاصل کی گئی جبکہ اسی مدت کے دوران 2009ء میں 7 ارب 81 کروڑ روپے سے زائد پریمیئم آمدنی ہوئی جبکہ رینیول پریمیئم کی مد میں بھی 22.05 فیصد اضافہ ہوا ہے۔

نئے کاروبار کے سلسلے میں سب سے زیادہ پریمیئم سینٹرل ریجن نے ایک ارب 70 کروڑ روپے سے زائد، ملتان ریجن نے ایک ارب 10 کروڑ روپے سے زائد، ناردرن ریجن نے ایک ارب 5 کروڑ روپے سے زائد اور سدرن ریجن نے 86 کروڑ 88 لاکھ روپے سے زائد نیا پریمیئم حاصل کر کے بالترتیب پہلی، دوسری، تیسری اور چوتھی پوزیشن حاصل کی۔



استحکام کاروبار (Persistency) میں کارپوریشن دوسرے سال کی استحکامی شرح کا تناسب 63.23 فیصد حاصل کرنے میں کامیاب رہی جبکہ تجدیدی استحکام کی شرح 92.72 فیصد ہے۔ ریجن کے دوسرے سال کی پرسسٹینسی کی مد میں ناردرن ریجن نے 70.96 فیصد سینٹرل ریجن نے 65.23 فیصد، ملتان ریجن نے 60.36 فیصد اور سدرن ریجن نے 53.93 فیصد حاصل کر کے بالترتیب اول، دوئم، سوئم اور چہارم پوزیشن حاصل کی۔

کارپوریشن نے اگست 2010ء تک دیئے گئے اہداف کا 89.93 فیصد حاصل کرلیا ہے۔ توقع کی جارہی ہے کہ آخری سہ ماہی میں کاروباری صورت حال مزید بہتر ہوگی اور اسٹیٹ لائف انشاءاللہ اپنا ہدف حاصل کرلے گی۔

(تحفظ رپورٹ)

# بھرپور محنت کے ذریعے شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کریں، مقصود احمد چوہدری

## میر پور آزاد کشمیر میں لکی ڈرا انعامی مقابلہ کے ذریعے سوزوکی مہران اور موٹر سائیکلوں سمیت لاکھوں روپے کے انعامات کی تقسیم

میر پور آزاد کشمیر زون نے ماہ جون کے لیے ریجنل چیف ناردرن جناب مقصود احمد چوہدری کی مشاورت سے میر پور آزاد کشمیر زون کے لیے لکی ڈرا انعامی کاروباری مقابلہ رکھا۔ جس کے انعامات میں ایک عدد سوزوکی مہران کار، 2 عدد موٹر سائیکل، 3 ریفریجریٹر، 5 واشنگ مشینیں، رنگین ٹی وی، دس پیڈسٹل فین اور 200 وال کلاک شامل ہیں۔

چوہدری تھے۔ تلاوت کلام پاک اور نعت رسول مقبولؐ کے بعد چوہدری محمد یوسف فاروقی نے تقریب کے اغراض و مقاصد پر روشنی ڈالی اور ریجنل چیف کا شکریہ ادا کیا۔

ان کے بعد جناب مقصود احمد چوہدری نے تمام فیلڈ فورس سے خطاب کیا اور کہا کہ آپ تمام کامیاب لوگ ہیں جنہوں نے جون میں شاندار کامیابیاں حاصل کیں۔ انہوں نے کہا کہ آپ نے ماہ

اس امید کا اظہار کیا کہ ماہ اگست میں آپ بھرپور محنت کر کے شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کریں گے۔

ہال میں موجود ہر شخص دعا کر رہا تھا کہ مہران سوزوکی کار ان کے حصے میں آئے مگر قسمت کی بازی جناب خوش حال خان کے حصے میں آئی جنہوں نے قرعہ اندازی سے کار کا انعام حاصل کر لیا جس کی چابی ریجنل چیف نے خوشحال خان کے حوالہ کی جبکہ دیگر بڑے




ریجنل چیف جناب مقصود احمد چوہدری لکی ڈرا میں کار کا انعام جیتنے والے محمد خوشحال خان کو چابی دے رہے ہیں جبکہ ان کے ہمراہ زونل سربراہ چوہدری محمد یوسف فاروقی بھی موجود ہیں




ریجنل چیف جناب مقصود احمد چوہدری لکی ڈرا میں موٹر سائیکل کا انعام جیتنے والے نصیر احمد کے سیلز منیجر جناب امید علی کو چابی دے رہے ہیں




ریجنل چیف جناب مقصود احمد چوہدری لکی ڈرا میں موٹر سائیکل کا انعام جیتنے والے مطلوب حسین کے ایریا منیجر جناب عبدالحمید بٹ کو چابی دے رہے ہیں








ریجنل چیف ناردرن جناب مقصود احمد چوہدری اور زونل ہیڈ میر پور آزاد کشمیر زون چوہدری محمد یوسف فاروقی لکی ڈرا کے شرکا سے خطاب کر رہے ہیں

میر پور زون کی مارکیٹنگ فورس نے اس مقابلہ میں بھرپور حصہ لیا جبکہ کوالیفائنگ لمٹ بہت آسان تھی اس طرح میر پور زون نے 81.70 فی صد کاروباری اضافہ کر کے نمایاں پوزیشن حاصل کی۔

اس قرعہ اندازی کی تقریب میں تمام سیکٹر ہیڈز، ایریا منیجرز اور بڑی تعداد میں کارکنان نے شرکت کی۔

تقریب کی صدارت زونل سربراہ چوہدری محمد یوسف فاروقی نے کی اور مہمان خصوصی ریجنل چیف ناردرن جناب مقصود احمد

جون میں دن رات محنت کر کے اسٹیٹ لائف سے معقول آمدنی حاصل کی۔ انہوں نے ایک نمائندے کا حوالہ دیا۔ جس کا چیک 5 لاکھ روپے سے زائد رقم کا تھا۔ انہوں نے مزید کہا کہ مجھے سب سے زیادہ خوشی اس وقت ہوگی جب آپ ہر ماہ اتنا ہی چیک لے کر گھر جائیں گے جتنا ماہ جون میں حاصل کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ آپ نے چند انعامات کی خاطر بھرپور محنت کی مگر اس کام کو مسلسل کیا جائے تا کہ آپ کی آمدنی میں کمی نہ ہو اور انہوں نے

انعامات میں سے ایک عدد موٹر سائیکل سیلز نمائندہ مطلوب حسین کو ملا جبکہ دوسرا انعام سیلز نمائندہ نصیر احمد کے حصے میں آیا۔

آخر میں تمام شرکاء کو پر تکلف کھانا پیش کیا گیا۔



رپورٹ ساجد اقبال
سیکٹر ہیڈ میر پور زون

# اپنی کاوشیں صحیح سمت میں کرنے کی ضرورت ہے، شوکت حسین کاظمی

**اپنے ریکارڈ کو مزید بہتر بنائیں، محمد خالد شیخ، ایریا منیجرز کا پوری جاں فشانی سے اہداف کی تکمیل کا عزم**
**سیلز منیجرز کے اعزاز میں ملینئر گروپ کے نام سے میٹنگ کا انعقاد**

زونل سربراہ کراچی سدرن زون جناب محمد خالد شیخ کی جانب سے گزشتہ دنوں ان سیلز منیجرز کو جنہوں نے 10 لاکھ سے زائد نیا پریمیئم حاصل کیا مقامی ہوٹل میں ملینئر گروپ کے نام سے داد و تحسین پیش کی گئی۔

تقریب کے مہمان خصوصی ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب شوکت حسین کاظمی تھے۔ اس موقع پر فیلڈ ورکرز فیڈریشن کے صدر جناب زیڈ یو انصاری نے انہیں خوش آمدید کہتے ہوئے گلدستہ پیش کیا جبکہ زونل سربراہ محمد خالد شیخ نے اسی انداز میں ریجنل چیف ساؤتھ سید حسن رضا کو نذرانہ عقیدت پیش کیا۔ کروڑ پتی سیلز منیجر شبیر دھیرانی نے اسٹیج پر نشست کا اعزاز حاصل کیا۔ تقریب میں فیلڈ ورکرز ایسوسی ایشن کے صدر افضال الدین فاروقی سمیت منیجر ایجنسی محراب گل، سیکٹر ہیڈز محمد شاہد، خلیل احمد، عابد مسعود، شاہنواز سومرو، ایس ایم عباس رضوی و تمام ایریا منیجرز نے شرکت کی۔

تقریب کا آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا جس کی سعادت منیجر مارکیٹنگ شاہنواز سومرو نے حاصل کی جس کے بعد زون کے ٹاپ 10 سیلز منیجرز کو ڈویژنل ہیڈ کی تالیوں کی گونج میں پھولوں کے خوبصورت تحائف پیش کیے بعد ازاں زونل سربراہ جناب محمد خالد شیخ نے اپنے خطاب میں تمام شرکاء تقریب کو شاندار نتائج پر مبارک باد پیش کی اس یقین کے ساتھ کہ ہمارے قابل قدر ساتھی اپنے قائم کردہ ریکارڈز کو مزید بہتر بنائیں گے جس کی بدولت زون آگے بڑھے گا۔ انہوں نے کہا کہ جناب ایس ایچ کاظمی کی قیادت میں کارپوریشن نے 2009ء میں 40 فیصد سے زائد نئے کاروبار کا ریکارڈ قائم کیا۔ انہوں نے ان سے منسوب شوکت حسین کاظمی لکی ڈرا کا بھی اعلان کیا۔ جس میں پہلی بار بمپر پرائز مہران سوزوکی کار کے علاوہ 100 سے زائد انعامات بذریعہ لکی ڈرا رکھے گئے۔ سیلز نمائندہ کو بزنس ٹارگٹ پورا کرنے پر اور سیلز آفیسر کو نئے نمائندے کی بھرتی پر بذریعہ کوپن قرعہ اندازی کے ذریعے انعام جیتنے کا موقع فراہم کیا گیا۔ بھوربن کنونشن کا ذکر کرتے ہوئے اس عزم کا اظہار کیا کہ انشاءاللہ کنونشن 2011ء میں شرکت کے لحاظ سے کراچی سدرن زون کا قافلہ اول مقام حاصل کرے گا۔

بعد ازاں ریجنل چیف ساؤتھ جناب ایس ایچ رضا کو دعوت خطاب دی گئی جنہوں نے شرکاء، ایریا منیجرز، سیکٹر ہیڈز، زونل ہیڈز کو بہترین کارکردگی پر مبارک باد پیش کی اور ان کامیابیوں کو جاری و ساری رکھنے کی تلقین کی جبکہ صدر فیلڈ ورکرز فیڈریشن جناب زیڈ یو انصاری نے مخصوص انداز میں پر فیلڈ ورکرز کے مسائل کی نشاندہی کرتے ہوئے اپنے ساتھیوں کی حوصلہ افزائی فرمائی۔

ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب ایس ایچ کاظمی نے اپنے اس زون سے شناسائی کی بنیاد پر ہر سیلز منیجر کی کارکردگی کا ذکر کیا اور ان کے عزائم دریافت کیے اور احوال جاننے کے بعد ہر ساتھی کو اپنی کارکردگی کو 100 فیصد بہتر بنانے پر زور دیا اور ساتھ خطاب کرتے ہوئے یہ معلومات بھی فراہم کیں کہ کارپوریشن کی بنیاد پر بہت اعلیٰ پیمانے پر کام ہو رہا ہے انہوں نے خصوصاً شیخوپورہ کی ایک خاتون سیلز منیجر کے ایک کروڑ روپے پریمیئم کرنے اور ان ہی کی سیلز آفیسر خاتون کے 1 کروڑ پریمیئم کا ذکر کیا اور زور دیتے ہوئے کہا کہ کام تیزی سے ہو رہا ہے لہٰذا اپنی کاوشوں کو مستعدی کے ساتھ صحیح سمت میں کرنے کی ضرورت ہے پھر ہر ساتھی نے ڈویژنل ہیڈ جناب شوکت حسین کاظمی نے ایریا منیجرز سے گفتگو کرتے ہوئے اچھے نتائج کے حامل ساتھیوں کو مبارک باد اور پھول پیش کیے اس موقع پر ایریا منیجرز نے اپنے ماہانہ اور سالانہ اہداف دیئے اور عہد کیا کہ وہ انشاءاللہ پوری جاں فشانی سے کام کرتے ہوئے ماہ رواں میں 4 کروڑ سے زائد پریمیئم حاصل کرتے ہوئے اپنے زون کو نمایاں مقام دلائیں گے۔

اس طرح یہ تقریب اختتام کو پہنچی۔



اسلم پرویز
سیلز منیجر
کراچی سدرن زون



صدر فیلڈ ورکرز فیڈریشن جناب زیڈ یو انصاری ڈویژنل ہیڈ جناب شوکت حسین کاظمی کو خوش آمدید کہتے ہوئے گلدستہ پیش کر رہے ہیں، ریجنل چیف جناب ایس ایچ رضا اور زونل ہیڈ جناب محمد خالد شیخ بھی ہمراہ ہیں













ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ
جناب ایس ایچ کاظمی ٹاپ سیلز منیجرز کو
اعلیٰ کارکردگی پر انعامات دے رہے ہیں
اس موقع پر جناب ایس ایچ رضا اور
جناب محمد خالد شیخ بھی نمایاں ہیں



راولپنڈی زون میں سیکٹر ہیڈز اور ایریا منیجرز سے ریجنل چیف ناردرن ریجن مقصود احمد چوہدری اور زونل سربراہ اظہر حسین خطاب کر رہے ہیں

# راولپنڈی زون نے کارپوریشن میں نارتھ ریجن کی پوزیشن مستحکم کی ہے، ریجنل چیف مقصود احمد چوہدری

## زونل سربراہ جناب اظہر حسین نے تمام ایریا منیجرز اور سیکٹر ہیڈز کی انفرادی کارکردگی کی رپورٹ پیش کی



راولپنڈی زون......ریجنل چیف نارتھ جناب مقصود احمد چوہدری راولپنڈی زون کے نئے ایریا منیجرز کو پروموشن اور ماہ اگست میں بہترین کارکردگی پر ہار پہنا رہے ہیں، اس موقع پر زونل ہیڈ راولپنڈی جناب اظہر حسین بھی نمایاں ہیں

راولپنڈی زون نے ماہ بہ ماہ کاروبار بیمہ میں خاطر خواہ اضافہ کر کے نارتھ ریجن میں نمایاں پوزیشن حاصل کی ہے۔ بالخصوص 53 فیصد اضافہ کے ساتھ اگست کی کلوزنگ پر ریجنل چیف نارتھ جناب مقصود احمد چوہدری راولپنڈی زون تشریف لائے اور ایریا منیجرز اور سیکٹر ہیڈز کے خصوصی اجلاس میں فیلڈ کارکنان کو مبارک باد دی اور امید ظاہر کی کہ راولپنڈی زون کے ساتھی مزید کامیابیاں حاصل کریں گے اور کارپوریشن میں پہلی پوزیشن بحال کریں گے۔ زونل سربراہ جناب اظہر حسین نے تمام ایریا منیجرز اور سیکٹر ہیڈز کا کاروباری اہداف کے ساتھ تعارف کرایا اور بالخصوص نئے پروموٹ ہونے والے ایریا منیجرز کی انفرادی کارکردگی پیش کی۔ ریجنل چیف نارتھ جناب مقصود احمد چوہدری نے نئے ایریا منیجرز کو پروموشن حاصل کرنے اور ماہ اگست میں بہترین نتائج پیش کرنے پر مبارک باد دی اور ہار پہنائے انہوں نے ہر ایک سیکٹر اور ایریا کے اعداد وشمار کا تفصیلی جائزہ لیا اور جہاں جہاں ضرورت محسوس کی وہاں پر کاروبار بیمہ کے فروغ کے لیے اصلاحات پر زور دیا۔ انہوں نے اپنے تجربے کی بنیاد پر ہر ایریا منیجرز اور سیکٹر ہیڈز کی روزمرہ کے کام کی پلاننگ اور ہفتہ وار اور ماہانہ کلوزنگ ٹارگٹ کی تکمیل کے لیے مفید اقدامات کرنے کی ضرورت پر زور دیا اور امید ظاہر کی کہ ستمبر اور بالخصوص آخری کوارٹر میں بے مثال نتائج حاصل ہوں گے اور راولپنڈی زون نارتھ ریجن کی کارکردگی میں نمایاں کردار ادا کرے گا۔



رپورٹ......راجہ احسان الحق

میڈیا کوآرڈینیٹر



# شاباش !
# سوات زون!!

اسٹیٹ لائف کے ناردرن ریجن کا سوات زون جو گزشتہ دو سالوں سے تخریب کاری اور دہشت گردی کی زد میں تھا، جہاں ترسیل کا نظام بھی درہم برہم ہو چکا تھا۔ زون کے معاملات پشاور زون میں شفٹ ہو گئے تھے۔ ہر طرف افراتفری تھی۔ اب اللہ کے فضل و کرم سے امن وامان کی صورت حال بہتر ہوئی ہے لوگوں نے سکھ کا سانس لیا ہے کاروباری سرگرمیاں بھی بہتر ہو رہی ہیں۔

اس ضمن میں اسٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن کے کاروبار میں بہت زیادہ تیزی آئی ہے۔ کارپوریشن کی مارکیٹنگ فورس سریع الحرکت فورس بن چکی ہے اور یہ کارپوریشن کا واحد زون ہے جس نے سو فیصد سے زائد نہ صرف ٹارگٹ حاصل کیے بلکہ نیا کاروبار ہو یا تجدیدی پریمیئم، استحکام کاروبار کی بات ہو یا تجدیدی استحکام کاروبار کی شرح تناسب ہو۔ اس نے ہر جگہ اپنی کامیابیوں کے جھنڈے گاڑے ہیں جو کہ ایک خوش آئند بات ہے۔



اعداد وشمار کے مطابق سوات زون نے پریمیئم سال اول کی مد میں 143.86 فیصد اضافہ کیا تجدیدی پریمیئم میں 54.30 فیصد اضافہ، بیمہ پالیسیوں کی تعداد میں 161.54 فیصد اضافہ، دوسرے سال کی استحکامی شرح میں 80.91 فیصد شرح تناسب جبکہ رینیول پرسسٹینسی کی مد میں 130.83 فیصد شرح تناسب رہی۔ پہلے سال کے پریمیئم ٹارگٹ کا حصول 106.91 فیصد رہا جبکہ رینیول پریمیئم کوٹہ کی مد میں 135.65 فیصد حاصل کر لیا گیا ہے۔ درج بالا تمام اعداد وشمار کسی بھی ریجنز، زونز کے مقابلے میں زیادہ ہیں۔ یہ بات اس امر کی غمازی کر رہی ہے کہ سوات زون دن رات محنت ولگن سے کام کر رہا ہے۔ عوام الناس میں بیمہ زندگی کا شعور پیدا کرنے میں ہماری مارکیٹنگ فورس جوش و جذبے سے کام کر رہی ہے اور گھر گھر بیمہ زندگی کا پیغام پہنچا رہی ہے۔

کارپوریشن کی انتظامیہ ان کے اس جذبے کی قدر کرتی ہے اور امید ظاہر کرتی ہے کہ ان کا یہ جذبہ موجزن رہے گا۔

"تحفظ"، زونل ہیڈ، مارکیٹنگ فورس، اسٹاف وافسران کو مبارک باد پیش کرتا ہے۔

(تحفظ رپورٹ)